نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے موسمی مکئی کی کاشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:03اگست2022(   )ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق موسمی مکئی اگست کے وسط تک کاشت کی جاتی ہے۔ مکئی زرخیز زمین میں کاشت کی جاتی ہے۔ریتلی اور کلراُٹھی زمین مکئی کیلئے موزوں نہیں ہوتی۔کاشتکار مکئی کی کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ عام اقسام پرل2011،ایم ایم آر آئی ییلو 2011،ملکہ 2016،گوہر2016،ساہیوال گولڈ،سمٹ پاک،پاپ 1 ،سویٹ 1 یا ہائبرڈ اقسام ایف ایچ 949 ،وائی ایچ 1898 ،ایف ایچ 1046 ،ایف ایچ 1036،وائی ایچ 5427استعمال کریں۔زمین کی تیاری کیلئے اِس میں تین سے چار مرتبہ ہل اور سہاگہ چلائیں۔اگر زمین کی تہہ سخت ہے تو پہلی دفعہ اس میں پلٹنے والا ہل چلائیں۔بارانی علاقوں میں مکئی بذریعہ ڈرل کاشت کی جاتی ہےاور اسکا شرح بیج 12 سے 15 کلوگرام فی ایکڑ ہوتا ہے۔نہری علاقوں میں مکئی چوپے سے کاشت کی جاتی ہےاوراسکا شرح بیج 8 سے 10 کلوگرام فی ایکڑ ہوتا ہے۔نہری علاقوں میں موسمی مکئی کی کاشت کیلئے کھیت میں اڑھائی فٹ باہمی فاصلے کی شرقاً غرباً وٹیں بنائیں۔ ہلکا پانی لگانے کے فوراً بعد نمی پہنچنے سے پہلے وٹوں کی ڈھلوان پر مکئی کا ایک ایک بیج بذریعہ چوپا لگائیں۔بیج شمال کی سمت لگائیں تاکہ دھوپ کم پڑے اور نمی کی وجہ سے اُگاؤ اچھا ہو۔ہائبرڈ اقسام شمالاً جنوباً وٹوں کی ڈھلوان پر ہلکے پانی کے بعد 6 سے 8 انچ پر لگائیں اور بہتر پیداوار کیلئے 4 سے 5 دن کے بعد فصل کو پانی ضرور لگائیں۔بارانی علاقوں میں مکئی ڈرل، پلانٹر یا کیرا سے کاشت کریں۔

☆☆☆☆